3475 ـ اگر امام کی نماز باطل ہو جائے تو کیا وہ کسی کو اپنا نائب بنا دے ؟

سوال

اگر دوران نماز امام کو کوئی مسئلہ درپیش ہو تو کیا وہ کسی مقتدی کو اپنا نائب بنا سکتا ہے تا کہ مقتدیوں کی نماز مکمل کراسکے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب امام کا وضوء ٹوٹ جائے یا کچھ اور پیش آجائے اور وہ نماز سے نکل جائے تو اسے یہ حق ہے کہ وہ کسی مقتدی کو کہے: یا فلاں آگے آکر انہیں نماز پڑھاؤ، اور اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو مقتدیوں کو حق ہے کہ ان میں سے کوئی ایك آگے آکر نماز مکمل کروائے، یا پھر وہ انفرادی طور پر نماز مکمل کر لیں.